# 85534 - جنگلی گدھے کی اباحت اور گھریلو گدھوں کی اہمیت

**سوال**

کیا گدھے کا گوشت کھانا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جنگلی گدھے کا گوشت کھانا جائز ہے، لیکن گھریلو گدھے کا گوشت کھانا حرام ہے.

جنگلی گدھے کی اباحت کی دلیل بخاری اور مسلم کی درج ذیل حدیث ہے:

ابو قتادہ رضی اللہ تعالی عنہ نے ایك جنگلی گدھا شکار اور اس کے گوشت کا ایك ٹکڑا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کھایا، اور اپنے صحابہ کو فرمایا:

" یہ حلالا ہے اسے کھاؤ "

اور گھریلو گدھا ابتدا میں تو حلال تھا پھر جنگ خیبر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حرام قرار دیا.

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن گھریلو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا، اور گھوڑے میں اجازت دی "

صحیح بخاری حدیث نمبر ( 5520 ).

اور ابو ثعلبہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ:

" رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھریلو گدھے کے گوشت کو حرام قرار دیا "

صحیح بخاری حدیث نمبر ( 5527 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 1936 ).

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" اکثر اہل علم گھریلو گدھے کی حرمت کے قائل ہیں امام احمد کہتے ہیں: پندرہ صحابہ کرام نے اسے ناپسند کیا ہے، اور ابن عبد البر کہتے ہیں: گھریلو گدھے کی حرمت میں آج مسلمان علماء کرام کے درمیان کوئی اختلاف نہیں "

دیکھیں: المغنی ( 9 / 324 ).

واللہ اعلم .